# 06-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ وہ کرشنا کے پانی سے متعلق تنازعات کے ٹریبونل کی کارروائیوں میں شخصی طور پر شرکت کریں گے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ قانونی ٹیم کو ہر ممکن مدد دیں۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے کہا ہے کہ وہ ریاست میں قومی شاہراہوں کے پراجکٹس کے لئے زمین حاصل کرنے کا عمل تیز کریں۔

۳۔سائنس وٹکنالوجی سے متعلق مرکزی مملکتی وزیر آزاد چارج جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ حیدرآباد سے کام کرنے والے سی ایس آئی آر کے ادارے دواؤں کی دریافت اور جنیاتی تشخیص میں اہم رول ادا کررہے ہیں۔

اور

۴۔شری رام نومی کا تہوار مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بھدراچلم میں سیتارام کلیانم میں شرکت کی۔

RAM NAVAMI:

سری رام نومی آج پورے تلنگانہ میں مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ یہ تہوار لارڈ وشنو کے ساتویں اوتار لارڈ رام کی پیدائش کی علامت ہے۔ رام نومی چیترا مہینہ کے 9ویں دن منایا جاتا ہے۔اس مبارک موقع پر آسمان میں رام اور سیتا کی شادی انجام دی گئی تھی اور لارڈ رام اور سیتا ماتا کے آسمانی ملاپ کا جشن منایا جاتا ہے۔آج صبح کی شروعات اصل مندر میں ابھیشیکم اور دوسری رسومات سے ہوئی۔12 بجے **ابھیجیت** لگن کے دوران آسمانی شادی کی تقریب ہوئی جس کے بعد تلمبرالوتقریب منائی گئی۔شادی کی رسومات دس بجے سے ساڑھے بارہ بجے درمیان ادا کی گئیں جسے پورے ملک میں ٹیلی ویژن کے ذریعہ لاکھوں لوگوں نے اور اسٹیڈیم میں ہزاروں بھکتوں نے دیکھا۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بھدراچلم میں اپنی بیگم کے ساتھ روایت کے مطابق ریاستی حکومت کی طرف سے مورتیوں کو ریشمی کپڑے اور متیالا تلمبرالو بھینٹ کئے۔تروملا تروپتی دیواستھانم کے صدرنشین بی آر نائیڈو نے بھی ٹی ڈی پی کی طرف سے ریشمی کپڑے بھینٹ کئے۔ تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ، وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی ان کی اہلیہ انڈومنٹ کی وزیر کونڈا سریکھا ان کے شوہر چیف سکریٹری شانتی کماری اور دوسرے اس موقع پر موجود تھے۔

CM - MEAL:

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے برگم پاڈومنڈل کے گاؤں تلاگومرو کا دورہ کیا اور ایک استفادہ کنندہ بی سرینواس کے گھر ریاستی حکومت کی طرف سے مفت دئے جانے والے باریک چاول سے تیار کردہ کھانا کھایا۔ وزیر اعلیٰ نے ارکانِ خاندان کے ساتھ کھانا کھایا اوران سے ان کی بھلائی کے بارے میں بات چیت کی۔ انہوں نے انہیں پہنچائے جانے والے راشن کے معیار اور کارآمد حیثیت کے بارے میں پوچھا۔ وزیر اعلیٰ نے اس بات کا بھی جائزہ لیا کہ کیا یہ خاندان 200 یونٹ مفت بجلی اور 500 روپے سبسیڈی پر گیس سلنڈر کی اسکیم سے فائدہ اٹھا رہا ہے۔

LAC:

مجلس اتحاد المسلمین اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے درمیان حیدرآباد مجالس مقامی حلقہ کی تلنگانہ کونسل نشست کیلئے سیدھا مقابلہ ہے۔ جس کے چناؤ اس مہینہ کی 23 تاریخ کو ہونے والے ہے۔ حکمراں کانگریس اور اصل اپوزیشن بھارت راشٹرا سمیتی نے دور رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس لئے یہ مجلس اور بی جے پی کے درمیان سیدھا مقابلہ ہے۔ ایم آئی ایم کے مرزا ریاض الحسن آفندی کا مقابلہ بی جے پی کے این گوتم راؤ سے ہوگا۔ حیدرآباد لوکل اتھاریٹیز حلقہ کے لئے جملہ 110 ووٹرس ہیں جن میں کارپوریٹرس، ارکان اسمبلی اور ارکان پارلیمنٹ شامل ہیں۔ مجلس کو 49 ووٹوں کے ساتھ اکثریت حاصل ہے۔ بی آر ایس کے 25 اور بی جے پی کے 22 ووٹرس ہیں۔ کانگریس پارٹی کے پاس 14 ووٹس ہیں۔

KISHAN - LETTER:

کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک خط لکھتے ہوئے درخواست کی ہے کہ ریاست میں قومی شاہراہوں کے پراجکٹس کے لئے زمین حاصل کرنے کا عمل تیز کیا جائے۔ کشن ریڈی نے اپنے خط میں اس بات کی نشاندہی کی کہ تلنگانہ بننے کے بعد سے مرکزی حکومت نے ریاست میں 2500 کلومیٹر قومی شاہراہیں تعمیر کی ہیں۔ اس کے علاوہ مزید 2500 کلومیٹر شاہراہ کے پراجکٹس مختلف مرحلوں میں ہیں۔ وزیر نے 691.52 کلومیٹر پر مشتمل 16 قومی شاہراہ پراجکٹ کی تعمیر کے لئے زمین حاصل کرنے پر زور دیا جس میں ریجنل رنگ روڈ شامل نہیں ہے۔ ان پراجکٹس پر اندازاً 12619.27 کروڑ کا خرچ آئے گا اور 1550.529 ہیکٹر زمین کی ضرورت ہے لیکن اب تک صرف 904.097 ہیکٹر زمین ہی حاصل کی گئی ہے حالانکہ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز کی وزارت نے کئی بار ریاستی عہدیداروں سے ربط کیا ہے۔ کشن ریڈی نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے کہا کہ وہ شخصی طور پر مداخلت کریں اور وقت پر باقی زمین کے حصول کو یقینی بنائے تاکہ پراجکٹ کی تکمیل میں دیری کو روکا جاسکے۔

PRL:

تلنگانہ حکومت نے پلاموورنگا ریڈی لفٹ اریگیشن اسکیم پر کام شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو پچھلے ڈیڑھ سال سے سرد خانہ میں پڑا ہوا ہے۔ آبپاشی کے وزیر اتم کمار ریڈی نے عہدیداروں پر یہ بات صاف کی کہ کاروی وینا ریزروائر اور پیکیج 3 کنال پر نرلا پور اور یدولا ذخائر آب کے درمیان کام فوری شروع ہونا چاہئے۔ وزیر نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ اکتوبر 2025ء تک کام کے تکمیل کو یقینی بنائیں۔ نرلا پور، یدولا، وٹم اور کاریوینا ذخائر آب کی تکمیل سے دسمبر 2025ء تک اندازاً 50 ٹی ایم سی پانی جمع کیا جاسکتا ہے اوراس سے پانی کی قلت سے متاثر علاقہ کو فائدہ ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ نرلا پور، یدولا اور وٹم میں 400 کلوواڈ کے سب اسٹیشن قائم کرنے کے لئے ٹرانسکو کو 262 کروڑ روپے الاٹ کئے گئے ہیں۔ پمپ آپریشن کو آزمائشی طور پر جولائی 2025ء میں عمل میں لایا جائے گا۔

BJP:

بی جے پی کا 45 واں یوم تاسیس آج منایا گیا۔ کوئلہ کے مرکزی وزیر اور تلنگانہ کے بی جے پی صدر جی کشن ریڈی نے آج حیدرآباد میں پارٹی کے دفتر پر بی جے پی کا جھنڈا لہرایا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارٹی کی مقامی کمیٹیاں 45 ویں یوم تاسیس کی تقریب میں حصہ لے رہی ہیں اور تمام کارکن اس مہینہ کی 14 تاریخ تک جشن منائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر کارکن اپنے گھر پر پارٹی پرچم لہرائے گا اور سوچھ بھارت ابھیان میں حصہ لے گا۔ ریاستی صدر نے کہا کہ پارٹی کارکن تلنگانہ میں بی جے پی کو حکومت میں لانے کے لئے کام کریں گے۔ ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ کے عوام کو غلط حکمرانی سے جو پارٹی بچاسکتی ہے وہ بی جے پی ہے۔ راجیہ سبھا رکن ڈاکٹر لکشمن، رکن پارلیمنٹ کے ویشویشور ریڈی اور دوسرے سینئرس لیڈرس اس موقع پر موجود تھے۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کریم نگر پارٹی آفس میں پرچم لہرایا۔ انہوں نے کہا کہ قوم پرست نظریات اور مضبوط اصولوں کی وجہ سے ہی بی جے پی آج اس مقام پر پہنچی ہے۔ پارٹی کی قومی نائب صدر اور رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے محبوب نگر میں پارٹی آفس پر جھنڈا لہرایا۔ ارونا نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے الزام لگایا کہ پارلیمنٹ میں منظورہ وقف ترمیمی بل کے پس منظر میں کانگریس پارٹی اقلیتوں میں غیر ضروری غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش کررہی ہیں۔

ADD SRIRAMNAVAMI:

کریم نگر ضلع کے ایلنڈ اکنٹہ میں سری سیتا راما چندرا سوامی مندر میں بھی دھوم دھام سے لارڈ سری راما چندرا سوامی کلیانا مہا اتسوم کا اہتمام کیا گیا۔ اسی طرح بھدرا چلم میں دوسرے بڑے کلیانا مہا اتسوم کا اہتمام ہوا جہاں نہ صرف ضلع کے کونے کونے سے بلکہ دوسرے علاقوں سے بھی بڑی تعداد میں بھکت جمع ہوئے۔

UTTAM KUMAR:

کرشنا کے پانی کی تقسیم کے تنازعہ میں تلنگانہ کے قانونی موقف کو مضبوط کرنے کے لئے ایک اہم قدم میں وزیر آبپاشی وسیول سپلائز کیپٹن اتم کمار ریڈی نے آج قانونی اور آبپاشی ٹیموں کے ساتھ ایک سرگرم جائزہ اجلاس رکھا۔ وزیر نے یقین دلایا کہ تلنگانہ حکومت ریاست کی نمائندگی کرنے والی قانونی ٹیم کی ہر ممکن مدد کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شخصی طور پر کرشنا واٹر ڈسپیوٹ ٹریبونل 2 کی کارروائی میں شدت کریں گے۔ یہ میٹنگ جل سودھا حیدرآباد میں ہوئی جس میں سینئر وکیلوں، آبپاشی عہدیداروں اور قانونی صلاح کاروں نے شرکت کی جن میں محکمہ آبپاشی کے لئے تلنگانہ حکومت کے مشیر آدتیہ داس شامل ہیں۔ تلنگانہ کی قانونی ٹیم کی قیادت کرنے والے سینئر وکیل سی ایس ویدیا ناتھن اور دوسرے وکیلوں نے 5 اور 6 اپریل کو ٹریبونل میں پیش کی گئی دلیلوں کے بارے میں وزیر کو بریفنگ دی۔ اس بات چیت میں تلنگانہ کے دعوؤں، موجودہ قانونی موقف اور 15، 16 اور 17 اپریل کو ہونے والی سنوائی کا احاطہ کیا گیا۔ اتم کمار ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ کا کیس محض اعداد وشمار پر مبنی نہیں ہے بلکہ یہ انصاف اور ریاست کے حق کا معاملہ ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ قانونی ٹیم اور ٹریبونل کے کاموں کے لئے بلا روک ٹوک مدد دی جائے۔

SOBHA YATRA:

سری رام نومی کے موقع پر بھاگیہ نگر اتسو سمیتی کی نگرانی میں حیدرآباد میں پرامن شوبھا یاترا نکالی جا رہی ہے۔ گورنر جشنو دیو ورما نے آج صبح سیتارام باغ مندر میں خصوصی پوجا کے بعد یاترا کو جھنڈی دکھائی۔ اصل جلوس میں الگ الگ مقامات پر دوسری یاترائیں بھی شامل ہوگئیں۔ ہزاروں بھکت جے شری رام کے نعرے لگاتے ہوئے جلوس میں شامل ہو رہے تھے جو ملے پلی، آغا پورہ، بھوئی گوڑہ، پرانا پل، جمعرات بازار، دھول پیٹ، افضل گنج جنکشن اور پتلی باؤلی سے گزرا۔ 6 کلومیٹر سے زیادہ کا فاصلہ طئے کرتے ہوئے یاترا آج شام ہنومان ٹیکری سلطان بازار پر ختم ہوگی۔ پولیس نے اس کے لئے بڑے پیمانے پر سیکورٹی انتظامات کئے ہیں اور جلوس کے راستہ پر ٹریفک پابندیاں لگائی گئی ہیں۔

JITENDRA SINGH :

سائنس اور ٹکنالوجی سے متعلق مرکزی مملکتی وزیر آزاد چارج جتندر سنگھ نے دواؤں کی دریافت اور جنیاتی تشخیص میں اہم رول اور دواؤں میں استعمال ہونے والے سستے اجزا کی تیاری کیلئے حیدرآباد سے کام کرنے والے سی ایس آئی آر انسٹیٹیوٹ کی تعریف کی۔ انہوں نے پچھلے ایک دہے میں وزیر اعظم نریندر مودی کی سرپرستی اور شخصی دلچسپی کے بعد سی ایس آئی آر لیابس کے حالیہ کاموں کا جائزہ لیا۔ حیدرآباد سے کام کرنے والی ٹیم اہم سی ایس آئی آر لیبارٹریز کے ڈائرکٹرس نے اجلاس میں شرکت

کی۔ جتندر سنگھ نے سماجی چیالنجس سے نمٹنے اور پائیدار ٹیکسوئی میں سائنس پر مبنی حل کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد سائنسی تحقیق اختراع اور انٹرپرونرشپ کے لئے ایک سازگار ماحول فراہم کرنے والے شہر کی حیثیت سے ابھرا ہے۔

IPL CRICKET:

آئی پی T20 کرکٹ میں آج شام حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ میچ رات ساڑھے سات بجے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں شروع ہوگا۔ گجرات پوائنٹس ٹیبل میں تیسرے مقام پر ہے جس نے تین میاچوں میں دو کامیابیاں حاصل کی ہیں جبکہ حیدرآباد سب سے نیچے ہے جس نے چار میاچوں میں صرف ایک جیت حاصل کی ہے اور مسلسل تین ناکامیوں کے سلسلہ کو توڑنے کے لئے بے چین ہے۔

WEATHER:

محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ تلنگانہ میں اگلے چھ دن بعض بعض مقامات پر ہلکی سہ اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندا باندی بھی ہوسکتی ہے۔ میٹرولوجیکل سنٹر نے کہا کہ جیاشنکر بھوپالا پلی، ملگ ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم ،نلگنڈہ ،محبوب آباد، سوریہ پیٹ، ورنگل، ہنمکنڈہ اور جنگاؤں میں کل اور پرسوں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

○○